# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دہلی اینڈ انڈین آرتھوڈونٹکس سوسائٹی کے اشتراک سے 'انڈین بورڈ آف آرتھوڈونٹکس (آئی بی او) بیداری پروگرام بلو پرنٹ ٹو بورڈ سرٹیفیکیشن' منعقد کیا

'New Delhi, January 7, 2026

فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انڈین بورڈ آف آرتھوڈونٹکس (آئی بی او) انڈین آرتھوڈونٹکس سوسائٹی (آئی او ایس) اور آرتھوڈونٹکس اسٹڈی گروپ آف دہلی (او ایس جی او ڈی) کے اشتراک سے مورخہ پانچ جنوری دو ہزار چھبیس کو ایف ٹی کے۔سی آئی ٹی کانفرنس ہال میں' آئی بی او اویرنیس پروگرام۔ بلو پرنٹ ٹو بورڈ سرٹیفیکیشن' منعقد کیا۔

پروگرام کا آغاز پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دست مبارک سے فیکلٹی آف ڈینٹسٹری کے کارگزار ڈین پروفیسر آشو بھاردواج اور دیگر ممتاز مندوبین، فیکلٹی اراکین، آرتھوڈونٹکس کے ڈاکٹر، پوسٹ گریجویٹ ریزیڈینٹس اور طلبہ کی موجودگی میں ہوا۔ اپنی افتتاحی تقریر میں مسجل پروفیسر رضوی نے اخلاقی طبی طرز عمل، شواہد پر مبنی علاج کے معیارات، منضبط دستاویز سازی اور عمر بھر کی پیشہ ورانہ آموزش کے سلسلے میں جامعہ میں برتی جانے والی بنیادی اور اہم اقدار پر زور دیا۔

پروگرام میں نوے سے زیادہ مندوبین بشمول دہلی و این سی آر خطے کے مختلف ڈینٹل کالجوں سے فیکلٹی اراکین، نجی طور پر متعلقہ پیشے سے وابستہ افراد اور طلبہ نے جوش وخروش اور انتہائی دلچسپی سے شرکت کی۔

آئی بی او کے بورڈ اراکین پروفیسر (ڈاکٹر) مالا رام منوہر، پروفیسر (ڈاکٹر) اجیت کالیا، ڈاکٹر اشیش گرگ، ڈاکٹر کرن کمار ایچ سی اور پروفیسر (ڈاکٹر) سنند ارائے چودھری نے آئی بی او سرٹیفیکیشن ایک تا پانچ زمروں پر منظّم سائنسی پرزنٹیشن دیے۔

او ایس جی او ڈ کے کنوینر پروفیسر منیند ر ایس سندھو کے خطاب سے پروگرام شروع ہوا جس میں انہوں نے کنوینر کی اپڈیٹ فراہم کیں اور افتتاحی خطبے ارشاد فرمانے کے لیے باضابطہ طور پر پروفیسر (ڈاکٹر) مالا رام منوہر کو اسٹیج پر مدعو کیا۔ اپنی تقریر میں پروفیسر (ڈاکٹر) مالا رام منوہر، چیئر مین آئی بی او نے حال ہی میں شائع شدہ آئی بی او انڈیکس سے روبرو کرایا، اس کی ساخت، معنویت اور طبی علاج معالجے کے جائزے اور دستاویز سازی میں اس کے عملی پہلوؤں کی وضاحت کی۔ پروگرام میں ہونے والے اجلاس کیس سلیکشن ضوابط، علاج کے ریکارڈ، جائزے کے معیار اور پیش کش کے معیارات پر آئی بی او ایک تا پانچ

زمروں پر مرکوز تھے جس سے سرٹیفکیشن کی تیاری کے سلسلے میں شرکا کو عملی طور پر سمجھنے کا موقع ملا۔

پروگرام کی اہم جھلک ’ آئی بی او سرٹیفکیشن اینڈ می ۔۔فرام اسپیریشن ٹو اچیومینٹ‘ کے موضوع پر پروفیسر (ڈاکٹر) پونیت بترا، آئی ایم ایم کا خصوصی مذاکراتی سیشن تھا۔سابق صدر، آئی او ایس اور گروپ کیپٹن (ڈاکٹر) موہت شرمانے اپنی پیشہ ورانہ زندگی سے متعلق اہم باتیں ساجھا کیں اور بورڈ سرٹیفکیشن کی انقلاب آفریں قدر پر اظہار خیال کیا۔

پروگرام کا اختتام الوداعی پروگرام سے ہوا جس میں مقررین، منتظمین، او ایس جی او ڈی اراکین، ادارہ جاتی اعانت ٹیم اور شرکا کی خدمات اور شرکت کا شکریہ ادا کیا گیا۔شکریے کی رسمی ادائیگی پروفیسر ہرنیت کور، پروفیسر آف آرتھوڈونٹکس ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور آرتھو اسٹڈی گروپ آف دہلی (او ایس جی او ڈی) کی کنوینر نے کی ۔انہوں نے تمام ممتاز مندوبین، فیکلٹی اراکین اور مہمانان کا ان کی پر جوش شرکت اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ